مولانا حامد الحق حقانی

مدرس جامعہ دارالعلوم حقانیہ

دارالعلوم کے شب و روز

دارالعلوم حقانیہ کے نئے تعلیمی سال ۱۴۳۸ھ 2017 کا باقاعدہ آغاز

12/جولائی کو جامعہ دارالعلوم حقانیہ کے نئے تعلیمی سال کا باقاعدہ آغاز اجتماعی تقریب سے ہوا، جس میں تمام اساتذہ، منتظمین اور قدیم و جدید طلباء نے شرکت کی۔ افتتاح کے لئے حسب سابق کی طرح امسال بھی حضرت مہتمم صاحب نے ترمذی شریف سے درس کا آغاز فرمایا اور طلباء سے تفصیلی اصلاحی خطاب فرمایا۔ اس کے بعد نائب مہتمم صاحب نے جدید طلباء کو جامعہ کے اصول وضوابط سے روشناس کیا۔

حضرت مہتمم صاحب کی مصروفیات

16۔17/جولائی کو اسلام آباد پریس کلب کے سامنے دفاع پاکستان کونسل کے زیراہتمام شہداء جموں و کشمیر کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ جس کی صدارت حضرت مہتمم صاحب نے فرمائی۔

18 جولائی کو افغانستان کے سفیر عمر ضاخیل کی حضرت مہتمم صاحب سے ان کی رہائش گاہ پر تفصیلی ملاقات کی اور افغانستان میں قیام امن کے موضوع پر تبادلہ خیال کیا

19/جولائی کو لاہور میں شہداء مسجد مال روڈ پر کانفرنس منعقد کی گئی۔ کشمیری مسلمانوں پر ڈھائے جانے والے مظالم کے خلاف صدائے احتجاج بلند کی گئی حضرت مہتمم صاحب نے آخر میں تفصیلی خطاب فرمایا۔

مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے مؤذن الشیخ ڈاکٹر ایاد الشکری کی دارالعلوم آمد

21/جولائی کو مسجد نبویؐ کے موذن الشیخ المقری ایاد الشکری دارالعلوم حقانیہ تشریف لائے اور زیر تعمیر جامع مسجد مولانا عبدالحقؒ میں اذان دی پھر عشاء کی جماعت بھی پڑھائی۔ گردونواح کے ہزاروں لوگوں نے آپکی اقتداء میں نماز پڑھی۔ اس کے بعد طلباء و علماء وعوام الناس سے خطاب فرمایا، حضرت مہتمم صاحب سے انکی رہائش گاہ پر تفصیلی ملاقات کی۔ بعدازاں انہوں نے دارالعلوم کے مختلف شعبے بھی دیکھے اور دارالعلوم کے نئے دارالتدریس کا معائنہ بھی خصوصی کیا اور اینٹ بھی نئی تعمیر کے حصہ میں رکھی اور اس کی جلد تکمیل کیلئے خصوصی دعا فرمائی۔ مدیر الحق مولانا راشد الحق صاحب نے بھی اپنے نئے مکان میں موذن صاحب کو دعا و برکت کے لئے مدعو کیا۔ آپ نے مکان میں احادیث مبارکہ قرآن کے حوالے اور آخر میں موثر دعا فرمائی۔

21/ جولائی کو ''روز'' ٹی وی چینل نے حالات حاضرہ پر حضرت مہتمم صاحب کا تفصیلی انٹرویو ریکارڈ کیا جو اسی دن رات آٹھ بجے نشر کیا گیا۔

ڈپٹی چیئرمین سینٹ مولانا عبدالغفور حیدری صاحب کی حضرت مہتمم صاحب کی رہائشگاہ آمد

22/ جولائی کو ڈپٹی چیئرمین سینٹ مولانا عبدالغفور حیدری صاحب کی قیادت میں جمعیت علماء اسلام (ف) کا وفد حضرت مہتمم صاحب سے ملاقات کے لئے تشریف لایا، ملاقات کا ایجنڈا متحدہ مجلس عمل کی ممکنہ بحالی تھا۔ وفد میں جمعیت ف کے تمام صوبائی قائدین و اہم عہدیدار وغیرہ شریک تھے۔

26/ جولائی کو مہتمم صاحب نے شبقدر چارسدہ میں دارالعلوم حقانیہ کے فاضل اور جامعہ محمدیہ کے مہتمم قاری مولانا حق نواز حقانی کی شہادت کا نماز جنازہ پڑھایا ہزاروں افراد سے خطاب فرمایا اور شہید کے قاتلوں کو کیفر کردار تک پہنچانے کے لئے حکومت سے پرزور مطالبہ کیا گیا۔

۴۔ اگست کو جانشین مولانا عبیداللہ انور حفید حضرت لاہوری مولانا محمد اجمل قادری صاحب جامعہ دارالعلوم حقانیہ تشریف لائے اور طلبہ کی ایک نشست سے خطاب فرمایا اور طلبہ کرام سے اپنے علمی و اصلاحی نکات سے مستفید فرمایا۔

06-07 اگست کو فیصل آباد کا دورہ کیا اور ''تحفظ مدارس و استحکام پاکستان'' سے خطاب فرمایا اس کے بعد جمعیت علماء اسلام کی مجلس شوریٰ کا اجلاس منعقد ہوا جس میں ملک کے حالیہ مسائل کے حوالے سے طویل غور و حوض کیا گیا جبکہ 19 ۔ اگست کو دارالعلوم حقانیہ میں مرکزی مجلس شوریٰ کے نمائندگان کا اجلاس طے پایا، اسی دن فیصل آباد کے اہم اور مرکزی جامع مسجد میں نماز عصر ادا کی اور اس کے بعد مسجد میں جمع ہزاروں کے مجمع سے خطاب کیا۔ ۶۔ اگست کو جماعۃ الدعوۃ کے مرکز خیبر فیصل آباد میں دفاع پاکستان کونسل کے اہم سربراہی اجلاس کی صدارت کی اور اس کے بعد ایک بھرپور پریس کانفرنس سے ملکی و ملی مسائل پر خطاب کیا۔

فکر حمید گلؒ کنونشن اسلام آباد میں حضرت مہتمم صاحب کی شرکت

۱۵۔ اگست: حضرت مہتمم صاحب نے ''فکر حمید گل کنونشن'' اسلام آباد میں شرکت کی، اس موقع پر مہتمم صاحب کے علاوہ ڈاکٹر شاہد مسعود، نے بھی مجاہد اسلام غازی جنرل حمید گل رحمۃ اللہ علیہ کو زبردست خراج تحسین پیش کرنے کے ساتھ محمد عبداللہ گل کو مجاہد اسلام غازی جنرل حمید گل کا بہترین جانشین ہونے پر بھرپور انداز میں سراہا، اس موقع چیئرمین تحریک جوانان پاکستان و کشمیر محمد عبداللہ حمید گل نے بھی اپنے والد مرحوم جنرل حمید گلؒ کی خدمات پر روشنی ڈالی۔